PAKISTAN DOMESTIC
SEASON 2019-20
14 SEP - 24 APR

CRICKET CHAMPIONS
Inspiring the Nation

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا تیسرا روز مکمل

- فالو آن کا شکار بلوچستان دوسری اننگز میں بھی مشکلات کا شکار
- سنٹرل پنجاب کو جیت کے لیے 5 وکٹیں درکار
- سندھ کی جانب سے خرم منظور، سعد علی اور اسد شفیق کی نصف سنچریاں
- خراب موسم کے باعث ایبٹ آباد میں جاری میچ میں پہلی اننگز بھی مکمل نہ ہوسکی

لاہور، 30ستمبر 2019ء:

اظہر علی کی قیادت میں سنٹرل پنجاب کی ٹیم بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں جیت سے صرف 5 وکٹیں دور ہے۔ میچ کے تیسرے روز میزبان ٹیم کی 10 وکٹیں گر گئیں۔ فالو آن کا شکار بلوچستان کی ٹیم نےدوسری اننگز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 141 رنز بنالیے ہیں۔اس سے قبل 119 رنز 5 کھلاڑی آؤٹ سے دن کا آغاز کرنے والی بلوچستان کی پوری ٹیم 270 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین بسمعہ اللہ خان کی جانب سے 71 رنز کی مزاحمت بھی بلوچستان کی ٹیم کو فالو آن سے نہ بچاسکی۔عماد بٹ نے 39 اور یاسر شاہ نے ناقابل شکست 36 رنز بنا ئے تاہم دونوں کھلاڑی پوائنٹس ٹیبل پر پہلے نمبر پر موجود سنٹرل پنجاب کے باؤلنگ اٹیک کے سامنے زیادہ لمبی اننگز کھیلنے میں ناکام رہے۔مہمان ٹیم کی جانب سے فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے 3 اور وقاص مقصود نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ادھر میزبان ٹیم کادوسری اننگز میں آغازبھی کچھ زیادہ اچھا نہ رہا اور 56 کے اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد بلوچستان کے تین کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکے۔ 78 کے مجموعے پر کپتان عمران فرحت، شہباز خان اور حسین طلعت بغیر کوئی رنز بنائے پویلین واپس لوٹ گئے۔ جس کے بعد بسمعہ اللہ خان نے ایک بار پھر ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور ابوبکر کے ہمراہ مؤثر دفاعی حکمت

عملی اپنائی۔ دونوں کے درمیان 54 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم ہوچکی ہے تاہم بلوچستان کی ٹیم اب بھی 110 رنز کے خسارے میں ہے اور اس کی آدھی ٹیم پویلین واپس لوٹ چکی ہے۔ بلوچستان کی جانب سے بسمعہ اللہ خان 37 اور ابوبکر 33 رنز سےچوتھے روزکھیل کا آغاز کریں گے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے ظفر گوہر اب تک 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرچکے ہیں۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نے سلمان بٹ کی شاندار ڈبل سنچری کی بدولت 521 رنز پر پہلی اننگز ڈکلیئر کردی تھی۔

ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ ڈرا کی جانب گامزن ہے۔ مسلسل تیسرے روز بھی میچ میں مقررہ اوورز کا کوٹہ مکمل نہیں کیا جاسکا۔ میچ کے تیسرے روزصرف 47 اوورز کا کھیل ممکن ہوسکا۔ غیرمتوقع بارشوں اور خراب موسم کے باعث تین روز گزرجانے کے باوجود ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے والی میزبان ٹیم کی اب تک پہلی اننگز ہی مکمل نہیں ہوسکی۔ خیبرپختونخوا نے دن کے اختتام پر 95 اوورزمیں 4 وکٹوں کے نقصان پر 295 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا کے اوپنر اسرار اللہ نے 77 اور مڈل آرڈر بیٹسمین اشفاق احمد نے 7 رنز سے تیسرے روز کھیل کاآغاز کیا تو 201 کے مجموعی اسکور پر اسرار اللہ فاسٹ باؤلر محمد عباس کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ انہوں نے 12 چوکوں کی مدد سے 89 رنز بنائے۔ میزبان ٹیم کی تیسری وکٹ محض 16 رنز اور چوتھی 27 رنز کے اضافے کے بعد گر گئی۔ مصدق احمد نے 14 اور عادل امین نے 10 رنز بنائے تاہم 2 میچوں میں 2 سنچریاں اسکور کرنے والے اشفاق احمد نے خراب موسم کے باوجود سدرن پنجاب کے مضبوط باؤلنگ اٹیک کے سامنے گھٹنے ٹیکنے کی بجائے مزاحمت کا سلسلہ جاری رکھا۔ دن کے اختتام پر اشفاق احمد 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے61 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں۔ دوسرے اینڈ پر ذوہیب خان نے 56 گیندوں پر 20 رنز بنالیے ہیں۔ دونوں کھلاڑی میچ کےچوتھے روز خیبرپختونخوا کی جانب سے کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔ادھر سدرن پنجاب کی جانب سےتاحال محمد عباس نے 2جبکہ بلاول بھٹی اور زاہد محمود نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا ہے۔اس سے قبل میچ کے پہلے روزبھی بارش کے باعث صرف 32.5 اوورز جبکہ دوسرے روز15.1 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکاتھا۔

دوسری جانب کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری میچ بھی بے نتیجہ ختم ہونے کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔ میچ کے تیسرے روز ناردرن کے 271 رنز کے جواب میں سندھ نے پہلی اننگز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 257 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل میزبان ٹیم نے 9 وکٹوں کے نقصان پر 271 رنز سے اننگز کا آغاز کیا تو اسپنر نعمان علی بغیر کوئی رنز کا اضافہ کیےفاسٹ باؤلر تابش خان کی گیند پر

آؤٹ ہوگئے۔ ناردرن کی جانب سے روحیل نذیر 67 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے۔ سندھ کے اسپنر کاشف بھٹی اور فاسٹ باؤلر تابش خان نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں سندھ کی جانب سے تجربہ کار اوپنر خرم منظور اور باصلاحیت نوجوان بیٹسمین عمیر بن یوسف نے پہلی اننگز کا آغاز کیا۔ سند ھ کی پہلی وکٹ 71 کے مجموعی اسکور پر اس وقت گری جب عمیر بن یوسف 36 رنز بنا کر نعمان خان کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے۔ انہوں نے 36 رنز بنائے۔ 111 کے مجموعی اسکور پر سندھ کے دوسرےآؤٹ ہونے والے بیٹسمین خرم منظور تھے۔ وہ 54 رنز بنا کر پویلین واپس لوٹے تاہم تیسری وکٹ کے لیے سعد علی اور کپتان اسد شفیق میں 109 رنز کی اہم شراکت قائم ہوئی۔ 9 چوکوں کی مدد سے 63 رنز بنانے والے سعد علی کو حماد اعظم نے آؤٹ کیا۔ گذشتہ میچ میں سنچری اسکور کرنے والے فواد عالم ناردرن کے خلاف 5 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ دن کے اختتام پر سندھ کی جانب سے اسدشفیق 77 اور سعود شکیل 10 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ 82 اوورز کا سامنا کرنے والی سندھ کی ٹیم پہلی اننگز میں اب بھی 14 رنز کے خسارے میں ہےاور اس کی 6 وکٹیں باقی ہیں۔ اس سے قبل کھیل کےدوسرے روزصرف 61.4 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکاتھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk